## سوال

زمزم کے پانی سے طہارت کرنے کا حکم کیا ہے ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اور دورو و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

ہمارے نزدیک زمزم کے پانی سے طہارت کرنی مکروہ نہیں ، امام احمد رحمہ اللہ کے علاوہ اکثر علماء کرام کا یہی کہنا ہے ، ہماری دلیل ( اس کی ) دلیل یہ ہے کہ اس میں کوئی نہی ثابت نہیں ہے ، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا یہ فرمان ثابت ہے :

" پانی پاک ہے اسے کوئی چیز پلید نہیں کرتی "

اور عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے جو زمزم کے پانی سے غسل کرنے کی ممانعت کے متعلق کہا جاتا ہے ، وہ عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے ثابت نہیں

ماخوذ از کتاب : فتاوی الامام النووی (16)

3487